## کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل Mr. Masaharu sato کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔22،ستمبر 2010ء

کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل Mr. Masaharu sato اور وائس قونصل جنرل مسٹر Mr. Tsuyoshi Hikita نے بُدھ کے روز نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، مصطفیٰ کمال اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔اس موقع پر قومی اسمبلی ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی اور رکن سندھ اسمبلی عادل خان بھی موجود تھے۔جاپان کے قونصل جنرل Mr. Masaharu sato نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، مصطفیٰ کمال اور کنور خالد یونس نے نائن زیرو تعزیت کیلئے آنے پر جاپان کے قونصل جنرل کا شکریہ ادا کیا۔

## سندھ اسمبلی کے اسپیکر نثار کھوڑو، مکیش چاولہ، شرجیل ٹالپر، آل پاکستان مسلم لیگ کے بیرسٹر سیف، بریگیڈیئر (ر) راشد قریشی، چیمبر آف کامرس کے صدر و معروف صنعتکار سراج قاسم تیلی کی چیمبر کے نمائندہگان کے وفود کی نائن زیرو آمد

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینئر ودیگر ارکان سے ملاقات اور عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار

کراچی۔۔۔22 ستمبر

کراچی سمیت ملک بھر سے تعلق رکھنے والی سیاسی، مذہبی، ادبی، ثقافتی، صحافتی شخصیات، تعمیراتی تنظیموں، سماجی انجمنوں اور علمائے کرام سمیت مختلف برادریوں وشعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد پر مشتمل وفود کی جانب سے ایم کیوایم کے کنوینر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کا سلسلہ جاری رہا، اس سلسلے میں نائن زیرو پر تشریف لانے والی شخصیات میں پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سندھ اسمبلی کے اسپیکر نثار کھوڑو، مکیش چاولہ، شرجیل ٹالپر، آل پاکستان مسلم لیگ کے بیرسٹر سیف، بریگیڈیئر (ر) راشد قریشی، احمد رضا قصوری، شہباز بھٹی، کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر سراج قاسم تیلی ودیگر اراکین، مولانا قمر سعید قاسمی، سینیٹر امین دادا، اسلامی روحانی مشن کے محمد مقصود الٰہی نقشبندی، پاکستان سرائیکی قومی اتحاد کے چیئرمین عبدالجبار عباسی، وائس چیئرمین حاجی رب نواز، ہمدرد (سی بی اے یونین) اے ون ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی الیکٹرنکس ڈیلرز ایسوسی ایشن، چیئرمین واراکین امامیہ دارالافتاء وشریعت بورڈ، شریعت بورڈ اہلیاء مسجد پریس کواٹرز، امام بارگاہ ابوالفضل گلشن اقبال کراچی موٹرز کار ایسوسی ایشن، ایم اے جناح روڈ موٹرز کار ایسوسی ایشن، جمعیت القریشن ویلفیئر آرگنائزیشن، ینگ ملک اتحاد سوسائٹی، گورنمنٹ پریس کوائٹرز ویلفیئر سوسائٹی، پاکستان ملک فاؤنڈیشن لانڈھی کورنگی، انجمن تاجران بابر مارکیٹ، میلاد کمیٹی پاکستان، انسداد فرقہ واریت وقیام احسن فورم، میر پور خاص زون کمیٹی، آل پاکستان مسلم لیگ، انجمن ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن، پاکستان اوقاف موومنٹ، سیون ڈے اسپتال، قریشی برادری، میمن برادری، نورانی ساگر آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ہزارہ چھاچھی برادری، امام بارگاہ شاہ نجف مارٹن کواٹرز، نیوٹاؤن مارکیٹ ایسوسی ایشن، یونین الزہرہ آرکیڈ المریم آرکیڈ، آلطیبر آرکیڈ پی آئی بی، میمن کچھی گجراتی رابطہ کونسل، یاسین اسکوائر یونین، دہلی مسلم راجپوت بندھانی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے علاوہ دیگر شخصیات نے اپنے وفود کے ہمراہ رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر محمد فاروق ستار، نسرین جلیل، کنور خالد یونس، مصطفیٰ کمال، سیف یار خان اور دیگر سے ذمہ داران وکارکنان سے ملاقات کرکے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اس قتل کو ملک کی سیاست میں بڑا نقصان قرار دیا۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق کی مغفرت سمیت ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، شہید کے سوگوار لواحقین بیوہ، بچوں، والدین اور دیگر سوگوار لواحقین کو صبر کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے عہدیداروں، کارکنوں اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات، ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پرتعزیت کی مختلف سیاسی وسماجی شخصیات کی ٹیلی فون پرتعزیت ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں پاکستان سمیت دنیا بھرسے تعزیتی پیغامات کا سلسلہ جاری

لندن۔۔۔ 22 ستمبر 2010ء

ایم کیوایم کے کنوینز ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پرایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تعزیت کیلئے برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعزیت کیلئے وفود کی آمداورشہید رہنما کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے عہدیداروں، کارکنوں اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے گزشتہ روزبھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اورایم کیوایم کے کنوینز ڈاکٹرعمران فاورق کی شہادت پرتعزیت کی اورشہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔اس موقع پرشدت غم سے نڈھال کارکنان نے ایم کیوایم کے کنوینز ڈاکٹرعمران فاروق کے قتل پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔ بیلجیئم سے آنے والے پاکستانیوں کے ایک وفدنے بھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کراس المناک سانحہ پرتعزیت کی۔ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سمیت دنیا بھرسے ٹیلی فون،فیکس اورای میل کے ذریعہ تعزیتی پیغامات موصول ہورہے ہیں جن میں ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی مذمت کی گئی ہے اوران کے بلند درجات کیلئے دعا کی گئی ہے۔تعزیت کرنے والوں میں جامعہ دارالعلوم حنفیہ کورنگی کے پرنسپل مفتی فیض اللہ آزاد، سرائیکی پارٹی کے سربراہ تاج محمد لنگاہ، پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل ) حیدرآباد کے ضلعی صدر چوہدری نظام آرائیں، تنظیم الاعوان کے صدر ملک صدیق اعوان، ناروے سے شائستہ عالمانی اوربلخ شیر،UAE سے ڈاکٹرانوارالحق،لیاقت آباد سپر مارکیٹ کے سینیئر نائب صدراصغرعباس نقوی،لاہورسے امجد خان،قصورسے تنویراحمد سمیت دنیا بھرسے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہمدردشامل ہیں۔

## شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے چھٹے روزبھی شہید کی رہائشگاہ اورملک بھرمیں ایم کیوایم کے دفاترپرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری رہا،شہید کے ایصال ثواب کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں

کراچی۔۔۔22،ستمبر2010ء

شہید انقلاب متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینز ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے چھٹے روزبھی ملک بھرمیں ایم کیوایم کے دفاتر پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روزکراچی ،حیدرآباد،سکھر،بدین ،جیکب آبادسمیت سندھ کے مختلف اضلاع ،صوبہ پنجاب اسلام آباد،ملتان ،راولپنڈی ، گوجرنوالہ،،صوبہ بلوچستان ،گلگت وبلتستان ،آزاد کشمیرمیں ایم کیوایم کے دفاتر پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہید کی مغفرت کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے شریف آبادمیں واقع عمران فاروق شہید کی رہائشگاہ پرایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہواجس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شہید کے اہلخانہ،عزیزواقارب سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے تاجروصنعتکار سیاسی وسماجی ادبی اور پاکستان ٹیلی ویژن سے تعلق رکھنے والی شخصیات ،اساتذہ کرام،طلباوطالبات نے شرکت کی۔اس سلسلے میں ایم کیوایم راولپنڈی زون کے تحت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع راولپنڈی زون کے مرکزی آفس میں منعقد ہواجس میں ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک، جوائنٹ انچارج رحیم شاہ، زونل کمیٹی کے دیگراراکین اور کارکنان وہمدردوں نے شرکت کی۔جیکب آباد،مظفرگڑھ، ملتان ،مظفرآباد،جہلم، چکوال،اٹک ،منڈی بہاؤالدین،خوشاب،میانوالی اور بھکرمیں بھی شہید کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعات منعقد ہوئے اورشہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ایم کیوایم بلوچستان کے تحت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی دفتر واقع کوئٹہ میں ہوا جس میں شعبہ خواتین کی ارکان اورصوبائی کمیٹی کے نگراں انچارج،سیکریٹری نشرواشاعت انورخان ترین،صوبائی سیکریٹری فنانس ڈاکٹرارباب عبدالغنی کاسی،ضلعی آرگنائزرسید سلیم اخترایڈووکیٹ،ضلعی سیکریٹری فنانس شاہ حسین چنگیزی،ضلعی آفس سیکریٹری محمد ادریس اورکارکنان وہمدردوں نے شرکت کی۔ایم کیوایم سکھرزون کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے زونل آفس واقع جناح چوک سکھرپرقرآن خوانی وآیت کریمہ اوریٰسین شریف کے ورد کا اہتمام کیا گیا جس میں زونل کمیٹی کے انچارج قطب الدین واراکینِ زونل کمیٹی سمیت مرد،خواتین ،بزرگ اوربچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔قبل ازیں ایم کیوایم سکھرزون کے تحت مضافاتی یوسیز واقع پنوعاقل میں بھی قرآن خوانی اورآیت کریمہ کے ورد کا اہتمام کیا گیا۔اسی طرح بدین زون کے تحت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہواجس میں بدین زون کے زونل انچارج عقیل الدین واراکین کمیٹی سمیت کارکنان نے شرکت کی۔دریں اثناء

ایم کیوایم میر پورخاص زون کے تحت شہید کنوینر کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے زونل آفس پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں میر پورخاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش، حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی، بلدیہ میر پورخاص کے ایڈیشنل سول سرجن ڈاکٹر مشتاق، ایڈمنسٹریٹر وہاب عباسی، میر پورخاص انٹر بورڈ کے چیئر مین عبدالعلیم خانزادہ، ای ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر شفقت ڈاہری سمیت عمائدین شہر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی اور تعزیتی اجلاسوں میں کارکنان و ہمدردوں اور عمائدین شہر نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت بڑا صدمہ ہے اور ان کی حق پرستی کی تحریک کیلئے جدوجہد نا قابل فراموش ہے ۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے پیچھے کارفرما قوتیں اپنے مذموم عزائم میں ایک بار میں نا کام ہونگیں اور انہیں منہ کی کھانی پڑے گی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِتعزیت

کراچی۔۔۔22،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ B-4 شعبہ خواتین کی کارکن تسلیم پاشا کے بھائی محمد اکرم قائمخانی اور ایم کیوایم میر پورخاص زون یونٹ A-1 کے کارکن کامران خان کی والدہ محترمہ نسیمہ خانم کے انتقال پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالی تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆